© rasailojaraid.com



خواتین وحضرات کی ایک بڑی تعداد شریک تھی، آیۂ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر، مختلف نشستوں میں، نہایت پُر اثر اور ولولہ انگیز خطاب کیا۔ ان خطبات میں مولانا مرحوم نے سیرت کے موضوع پر جس مفکرانہ انداز میں روشنی ڈالی اور سیرت کے جن اچھوتے پہلوؤں کو اُجاگر کیا ہے، اس سے فقہ الاحکام کے ساتھ سیرت نبویہ میں بھی ان کے وسیع مطالعہ اور غیر معمولی نکتہ رسی کا اندازہ ہوتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب مولانا مجاہد الاسلام قاسمی نور اللہ مرقدہ کے پانچ خطبات کا مجموعہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ ان خطبات میں سیرت کے ایسے پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا ہے جن کی طرف عام طور پر توجہ نہیں دی جاتی۔ ہندوستان میں پہلی بار اس کتاب کو "مجمع الفقہ الاسلامی الہند" نے "خطبات بنگلور" کے نام سے قابل رشک طباعت کے ساتھ شائع کیا تھا، یہ ہندوستانی نسخہ راقم کی نظر سے گذرا ہے۔ اب اسے پاکستان میں ادارہ القرآن نے شائع کیا ہے، کتاب کی جلد بندی مضبوط اور کاغذ ادنیٰ درجہ کا ہے۔

۳.....غنیۃ الطالبین، مصنف حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، ناشر: المیزان، الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور، صفحات: ۶۶۷، سائز: ۲۰×۳۰=۸

حضرت شیخ عبدالقادر محتاج تعارف نہیں، جلیل القدر عالم دین اور اپنے وقت کے شیخ کامل تھے، ان کے مواعظ وتصانیف میں بلا کی اثر انگیزی ہے، بغداد اور عراق کے ملحقہ ممالک کے ہزاروں مخلوق خدا نے ان سے کسب فیض کیا، زیر تبصرہ کتاب "غنیۃ الطالبین" انہی کی تالیف ہے، جس میں اسلامی احکام، عبادات اور آداب پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، اس مبحث میں کودنے کی ضرورت نہیں کہ فضائل اور ترغیب وترہیب سے متعلق اس کتاب میں درج روایات کی سنداً ومتناً کیا حیثیت ہے؟ کہ یہ ایک مستقل موضوع ہے۔

کتاب کے صفحہ اول کی پیشانی پر ناشر نے "عصر حاضر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ" جیسا بلند بانگ دعویٰ تحریر کرکے معیار طباعت کی دھجیاں بکھیر دی ہیں۔ کتاب کی طباعت ناقص معیار کی چغلی کھا رہی ہے۔ دس دس صفحات کی مسلسل عبارت میں قاری کو ایک بھی پیراگراف نظر نہیں آتا، نہ ہی مترجم کتاب کے نام کی تصریح کی گئی ہے۔ بفرض المحال اگر صاحب "اصول الشاشی" کی طرح مترجم نے اپنا نام ظاہر نہیں بھی ہونے دیا تو کم از کم اس امر کی صراحت کردی جاتی!! اُمید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ان خامیوں کی تلافی کردی جائے گی۔

۴.....مناجات انبیاء (اُدعیۃ الانبیاء فی القرآن)، مؤلف: مولانا محمود حسن محمود، ناشر: المیزان، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور، صفحات: ۲۲۶، سائز: ۲۳×۳۶=۱۶

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں مؤلف نے قرآن میں وارد انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی دعائیں نقل کی ہیں، نیز انبیاء کرام کا تعارف، ان کے معجزات اور اصلاحی کوششوں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ دعا مانگنے کے آداب بھی تفصیل کے ساتھ نقل کردیئے ہیں۔ کتاب کی طباعت معیاری اور کاغذ متوسط درجہ کا ہے۔ ☆☆☆

© rasailojaraid.com